ایف بی آئی کو مطلوب

محسن رضا

جھوٹی دستاویزات بنانا اورا□ن کو منتقل کرنے کی سازش، جھوٹی دستاویزات کی منتقلی، پاسپورٹ کا غلط استعمال، اور سنگین قسم کی شناختی معلومات کی چوری

تفصیل

شناخت کے نام: محسن رضا امیری	
مبینہ تاریخ پیدائش: 25 مئی 1986	**جائے پیدائش**: کراچی، پاکستان
بال: کالے	**آنکھیں**: بھوری
صنف: مرد	**قومیت**: پاکستانی

قابل توجہ

خیال کیا جاتا ہے کہ رضا آج کل پاکستان کے شہر کراچی میں ہے-

آگاہی

محسن رضا اور مجتبی رضا مبینہ طور پر کراچی، پاکستان سے ایک جعلی آن لائن کاروبار چلانے میں مطلوب ہیں- کم از کم سن 2011 سے یہ کاروبارجو کہ سیکنڈ آئی سولوشن (سیکنڈ آئی) اور فارورڈز کے نام سے پہچانا جاتا ہے مبینہ طور پر 200 سے زائد ملکوں اور علاقوں کی جعلی شناختی دستاویزات جن میں پاسپورٹ، ڈرائیور لائسنس، بینک کاغذات، اور قومی شناختی کارڈز شامل تھے فروخت کیں- سیکنڈ آئی نے یہ جعلی دستاویزات گاہکوں کو یہ کہہ کرفروخت کی کہ ان کو آن لائن اکاؤنٹوں کی تصدیق کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے- اس طرح سے سیکنڈ آئی کے گاہکوں نے ادائیگی کی پروسیسنگ کمپنیوں، ای کامرس کے کاروبار، سوشل میڈیا، اور سوشل نیٹ ورکینگ پلیٹ فارمو پر دھوکے بازی کی- 28 جنوری 2020 کو امریکہ کی ضلعی عدالت، ضلع نیو جرسی، نیوآرک، نیو جرسی نے محسن رضا کے لیے وفاقی گرفتاری کا وارنٹ جاری کیا تھا اور اس پر یہ الزام عائد کیا تھا کہ وہ جھوٹی دستاویزات پیش اور منتقل کرنے کی سازش، جھوٹی دستاویزات کی منتقلی، پاسپورٹ کے غلط استعمال، اور سنگین قسم کی شناختی معلومات کی چوری کی وارداتوں میں ملوث ہے-

اگر آپ کو اس شخص کے بارے میں کوئی معلومات ہیں تو برائے مہربانی اپنے مقامی ایف بی آئی دفتریا قریبی امریکی سفارتخانے یا قونصل خانے سے رابطہ کریں-

ایف بی آئی فیلڈ آفس : نیوآرک